ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

سلیم جعفر کو ون ڈے سیریز میں اچھی کارکردگی کی توقع

ڈھاکا یکم نومبر، 2023ء:

پاکستان ویمنز ٹیم بنگلہ دیش کے خلاف چٹوگرام میں تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے بعد ڈھاکا میں تین ون ڈے انٹرنیشنل میچوں کی سیریز میں مد مقابل ہونے والی ہے۔

ٹیم نے ڈھاکا پہنچنے کے بعد سے دو ٹریننگ سیشنز میں حصہ لیا ہے۔ ون ڈے سیریز کے میچز چار، سات اور دس نومبر کو شیر بنگلہ نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے جو آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہونگے۔ پاکستان اس وقت آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ میں بارہ میں سے چھ میچ جیت کر چھٹے نمبر پر ہے۔ پاکستانی ٹیم کل بنگلہ دیش بورڈ الیون کے خلاف پریکٹس میچ بھی کھیلے گی۔

پاکستان ویمنز ٹیم کے بولنگ کوچ اور چیف سلیکٹر سلیم جعفر نے پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ ٹیم ون ڈے سیریز میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ بد قسمتی سے ہم ٹی ٹوئنٹی سیریز نہ جیت سکے لیکن یہ ون ڈے سیریز ہمارے لیے بہت اہم ہے کیونکہ یہ آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے اور ان تین میچوں میں چھ پوائنٹس لینے سے ہمیں آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کرنے میں مدد ملے گی۔

سلیم جعفر کا کہنا ہے کہ ہم ٹارگیٹ بولنگ پر کام کررہے ہیں تا کہ بولرز کو یہاں کی کنڈیشنز اور گیم کی ضرورت کا اندازہ ہوسکے۔ نشرہ سندھو اور سعدیہ اقبال نے دو سال کے دوران اپنی بولنگ میں بہتری پیدا کی ہے اور آئی سی سی کی رینکنگ میں بھی وہ اوپر آئی ہیں جس

سے دوسری بولرز کو بھی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ میں نے دونوں بولرز سے بات کی ہے، یہ دونوں کھلاڑی مزید بہتر کارکردگی اور کامیابیاں حاصل کرنے کی خواہش رکھتی ہیں جو باعث اطمینان ہے۔

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial